92

علم التعلیم ایس ایس سی -II

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 2:40 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ حصہ دوم میں سے بارہ (12) اجزاء اور حصہ سوم میں سے کوئی سے تین (3) سوال حل کیجیے۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوم (کُل نمبر 36)

سوال نمبر۲: نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے بارہ (12) اجزاء کے دو سے تین سطروں میں جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) بنیادی ضروریات سے کیا مراد ہے؟

(ii) نصابی سرگرمیوں سے کیا مراد ہے؟

(iii) نصاب کا مفہوم بیان کریں۔

(iv) ثانوی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

(v) توجہ اور تعلّم کا تعلق واضح کریں۔

(vi) اسلامی معاشرے کی بنیادی اقدار کون سی ہیں؟ نام لکھیں۔

(vii) تحریری امتحان سے کیا مراد ہے؟

(viii) امتحانات کے کوئی سے تین مقاصد لکھیں۔

(ix) تربیت یافتہ اساتذہ کی کمی کن مسائل کا باعث بنتی ہے؟

(x) طلبہ کے کوئی سے تین تعلیمی مسائل بیان کریں۔

(xi) سکول کے اندرونی ماحول سے کیا مراد ہے؟

(xii) مضامین کا انتخاب کرنا کیوں ضروری ہے؟

(xiii) ابتدائی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

(xiv) ہم نصابی مشاغل سے کیا مراد ہے؟

(xv) روّیہ سے کیا مراد ہے؟

(xvi) دلچسپی سے کیا مراد ہے؟

(xvii) تعلیم کے کتنے مدارج ہیں؟ نام لکھیں۔

(xviii) معاشی عدم استحکام کن مسائل کا باعث بنتا ہے؟

حصہ سوم (کُل نمبر 24)

(کوئی سے تین سوال حل کیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔) (3x8=24)

سوال نمبر۳: بنیادی ضروریات کا مفہوم بیان کریں اور اقسام لکھیں۔

سوال نمبر۴: امتحان کی تعریف لکھیں اور اہمیت بیان کریں۔

سوال نمبر۵: پاکستان میں مدارجِ تعلیم کتنے ہیں مختصراً بیان کریں۔

سوال نمبر۶: انفرادی اختلافات سے کیا مراد ہے؟ تعلیمی عمل میں انفرادی اختلافات کیسے اہمیت کے حامل ہیں؟

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.__________

Sig. of Candidate ______________

Sig. of Invigilator.__________

علم التعلیم ایس ایس سی-II

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 20 منٹ حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پرہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف/ب/ج/د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) ماہرین نفسیات کی رائے کے مطابق انسانی تعلم کا زیادہ تر حصہ عمل ________ پر ہے۔
الف۔ سعی وخطا ب۔ تسلسل ج۔ مشق د۔ تقلید

(ii) مضامین کے انتخاب کا مسئلہ کس جماعت سے شروع ہوتا ہے؟
الف۔ چھٹی جماعت ب۔ تیسری جماعت ج۔ دوسری جماعت د۔ ساتویں جماعت

(iii) ہمارا موجودہ نظامِ امتحان بچوں میں کون سا رجحان پیدا کرتا ہے؟
الف۔ نصاب کا گہرا مطالعہ کرنے کا ب۔ نقل کا
ج۔ آسان راستہ تلاش کرنے کا د۔ الف اور ب دونوں

(iv) ملک کی بیشتر آبادی کا تعلق ________ سے ہے۔
الف۔ شہر ب۔ دیہات ج۔ انڈسٹریل ایریا د۔ باہر

(v) کس ایک جزو کا تعلق گھریلو حالات کی ناسازگاری سے نہیں ہے؟
الف۔ والدین کا عمدہ سلوک ب۔ ناچاقی ج۔ کشیدگی د۔ ناجائز تعلقات

(vi) اسلامی معاشرہ میں مقاصدِ تعلیم کس بنیاد پر متعین کیے جاتے ہیں؟
الف۔ ایمان ب۔ تقویٰ ج۔ احسان د۔ درج شدہ تمام

(vii) اصول تعلیم کے مطابق مضامین کا انتخاب کس پر ہے؟
الف۔ صلاحیت ب۔ میلان طبع ج۔ دلچسپی د۔ درج شدہ تمام

(viii) 1979ء کی تعلیمی پالیسی کے مطابق تعلیم کے ________ مدارج ہیں۔
الف۔ پانچ ب۔ تین ج۔ چار د۔ چھ

(ix) ________ پیمائش کا ذریعہ ہے۔
الف۔ عملی کام ب۔ ادارہ ج۔ امتحان د۔ علم

(x) انسان کی بنیادی ضروریات کی کتنی قسمیں ہیں؟
الف۔ ایک ب۔ دو ج۔ پانچ د۔ چار

(xi) معاشرتی محرومی کا احساس کن بچوں میں زیادہ ہوتا ہے؟
الف۔ غریب ب۔ امیر ج۔ ذہنی پسماندہ د۔ ب اور ج دونوں

(xii) آمادگی کا چوتھا اہم پہلو ________ کی خواہش ہے۔
الف۔ مشاہدے ب۔ سیکھنے ج۔ کام د۔ جینے

(xiii) تعلیمی عمل میں ________ بنیادی حیثیت کی حامل ہے۔
الف۔ بیماری ب۔ کشیدگی ج۔ صحت د۔ تربیت

(xiv) رویہ کس کیفیت کا نام ہے؟
الف۔ جمالیاتی ب۔ موروثی ج۔ معاشرتی د۔ ذہنی

(xv) کس عمر کے بچے گروہی کھیل کھیلنے میں دلچسپی لیتے ہیں؟
الف۔ دس سے چودہ سال ب۔ پانچ سے بارہ سال ج۔ آٹھ سے دس سال د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15 حاصل کردہ نمبر: ______